© rasailojaraid.com



ماہنامہ "النعمان" | دارالعلوم نعمانیہ اتمان زئی تحصیل چارسدہ۔ ضلع پشاور

دارالعلوم نعمانیہ اتمان زئی چارسدہ، قدیم مدرسہ ہے اور یوم تاسیس سے اشاعت تبلیغ دین تعلیم و ریس اور دین کے مختلف شعبوں میں مصروف خدمت ہے۔ دور افتادہ اور خالص پشتو میں ہونے کی وجہ سے ہنامہ النعمان (اردو) کا اجرا علوم نبوت کی کرامت ہے۔

محرم سے ابتک چھ پرچے منظر عام پر آچکے ہیں۔ مدیر النعمان مولانا روح اللہ کی ادارتی تحریریں اور مضامین علمی و تبلیغی اور اشاعتی افادیت مولانا محمد ادریس حقانی کا سلسلہ مضامین، نافع اور ادبی لکھے پڑھے العاتی ذوق رکھنے والوں کے لئے قابل استفادہ اور نفع بخش ہے۔

ہماری دعا ہے کہ باری تعالیٰ النعمان کو صرف صوبہ سرحد اور مملکت پاکستان ہی میں نہیں بلکہ پوری ملت لئے باعث ہدایت اور منارۂ نور بنادے۔ (ع۔ق۔ح)

شرح الکافیہ (عربی) | تالیف عثمان بن عمر المعروف بابن الحاجب۔ صفحات ۱۳۸۔ قیمت درج نہیں۔ سعید کمپنی۔ ادب منزل۔ پاکستان چوک کراچی۔

کافیہ، نحو کا مشہور متن اور درس نظامی کی معروف کتاب ہے جو طلباء علوم دینیہ کے خصوصی توجہ، محنت و مطالعہ تکرار و حفظ قواعد اور پڑھانے والے اساتذہ کے لئے بھی خصوصی محنت و مطالعہ کا مرکز بنی رہتی ہے ویسے فیہ کی افادیت کے پیش نظر اس کی دسیوں شروحات لکھی گئی ہیں۔ مگر علی العموم اکثر شارحین سے شرح کے دوران سے بتنگڑ بن جاتی ہے۔ اور بعض اوقات شارحین ایسے سوالات وجوابات، لفظی اور صاحب متن سے منسوب ت واحتمالات کا ذکر کرتے ہیں جو بیچارے صاحب متن کے حاشیۂ خیال اور وہم و گمان میں بھی نہیں ہوتے۔ صرہ کتاب شرح الکافیہ اس لحاظ سے منفرد و امتیازی خصوصیت کی حامل ہے کہ خود صاحب متن کی اپنی یف ہے۔ جو اختصار کے باوجود حل کتاب میں مفید اور ضروری مسائل کو جامع ہے۔ مدرسین اور باذوق کے لئے ایک گراں قدر علمی تحفہ ہے۔ اگر اہل علم اپنے نادر اور مفید مطبوعات کی قدر افزائی کریں گے تو ناشرین

© rasailojaraid.com